# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

# پریس ریلیز

مورخہ 5 دسمبر، 2017

آج الیکشن کمیشن آف پاکستان کا اعلی سطح اجلاس جناب جسٹس سردار محمد رضا چیف الیکشن کمشنر کی صدارت میں ہوا۔ جس میں ایم ڈی۔ پرنٹنگ کارپوریشن پریس پاکستان، سیکورٹی پرنٹنگ کارپوریشن کراچی، سیکرٹری پوسٹل سروسز ڈویژن، پاکستان کونسل آف سائنیٹفک وانڈسٹریل ریسرچ، سیکرٹری فنانس ڈویژن اور سیکرٹری کیبنٹ ڈویژن کے افسران نے شرکت کی۔

شرکاء میٹنگ نے بیلٹ پیپروں کی پرنٹنگ اور انمٹ سیاہی کی بجائے انمٹ سیاہی والے مارکر کے استعمال کرنے کے بارے میں الیکشن کمیشن کو مکمل بریفنگ دی۔

اس بارے میں مکمل غور و غوص کے بعد الیکشن کمیشن نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ پاکستان سیکورٹی کارپویشن واٹر مارکڈ( Water marked ) کاغذ کی خریداری کا انتظام کرے تاکہ آئندہ انتخابات میں واٹر مارکڈ( Water marked ) بیلٹ پیپر استعمال کئے جائیں۔ اور انتخابات میں مزید شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔ اس کے علاوہ یہ بھی فیصلہ کیا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن آئندہ عام انتخابات میں انمٹ سیاہی کی بجائے انمٹ سیاہی والے مارکر استعمال کرئے گا اور پاکستان کونسل آف سینٹفیک وانڈسٹریل ریسرچ(PCSIR ) اسلام آباد اس بات کا سرٹیفکیٹ دے گا کہ اس مارکر میں وہ تمام خصوصیات اور اجزاء شامل ہیں جو انمٹ سیاہی میں موجود ہیں۔ اور استعمال کرنے کی مدت بھی اتنی ہی ہے جتنی کہ انمٹ سیاہی کی ہے۔ انمٹ سیاہی کی بجائے انمٹ مارکر کی خریداری کا مقصد اس کے استعمال، سپلائی اور ووٹر پر استعمال کرنے میں آسانی پیدا کرنا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆